# کیا صاحبِ نصاب والد پر نابالغ بچے کی طرف سے بھی قربانی لازم ہے؟

**مجیب:** مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

**مصدق:** مفتی محمد قاسم عطاری

**فتوی نمبر:** Book-157

**تاریخ اجراء:** 03صفر المظفر1437ھ/16نومبر2015ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ والد، صاحبِ نصاب ہو تو کیا اس پر اپنے مال سے اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے بھی قربانی کرنا واجب ہے یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

والد پر اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے قربانی کرنا مستحب ہے کہ اگر کرے گا، تو ثواب پائے گا، لیکن کرنا واجب نہیں کہ اگر نہ کرے تو گنہگار ہو۔ جیسا کہ فقیہ النفس امام قاضی خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: "وفی الولد الصغیر عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالی روایتان فی ظاھر الروایۃ یستحب ولا یجب بخلاف صدقۃ الفطر وروی الحسن عن أبی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالی انہ یجب أن یضحی عن ولدہ الصغیر وولد ولدہ الذی لا أب لہ والفتوی علی ظاھر الروایۃ" ترجمہ: نابالغ بچے پر قربانی واجب ہونے کے بارے میں امام ابو حنیفہ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے دو روایتیں ہیں: ظاہر الروایہ میں ہے کہ والد پر بچے کی قربانی مستحب ہے، واجب نہیں بخلاف صدقہ فطر اور امام حسن نے امام ابو حنیفہ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے روایت کی کہ والد پر اپنے چھوٹے بچے اور ایسے پوتے جس کا والد نہ ہو، کی طرف سے قربانی واجب ہے اور فتوی ظاہر الروایہ (واجب نہیں) پر ہے۔ (فتاوی خانیہ، کتاب الاضحیۃ، ج03، ص345، مطبوعہ کوئٹہ)

علامہ علاؤالدین حصکفی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں:"فتجب عن نفسہ لا عن طفلہ علی الظاھر، بخلاف الفطرۃ" ترجمہ: والد پر اپنی قربانی واجب ہے نہ اپنے بچے کی، بخلاف صدقہ فطر کے کہ وہ اپنے بچہ کا بھی واجب ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار، کتاب الاضحیہ، ج09، ص524، مطبوعہ کوئٹہ)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں:"اولادِ صغار کی طرف سے قربانی اپنے مال سے کرنا واجب نہیں، ہاں مستحب ہے اور قربانی جس پر واجب ہے اس پر ایک ہی واجب ہے زیادہ نفل ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج20، ص454، مطبوعہ رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net